© rasailojaraid.com

**عمر دراز (ثالثہ ثانوی)**

# کیا آپ چاہتے ہیں......؟

☆ کیا آپ اللہ کے قریب ہونا چاہتے ہیں......؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بندہ جب سجدے میں ہوتا ہے تو اس وقت اللہ کے بہت قریب ہوتا ہے۔ پس تم سجدے میں کثرت سے دعائیں کیا کرو۔ (مسلم)

☆ کیا آپ حج کا ثواب حاصل کرنا چاہتے ہیں......؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''رمضان میں عمرہ کرنا حج کے برابر ہے یا میرے ساتھ حج کرنے کے برابر ہے۔'' (متفق علیہ)

☆ کیا آپ جنت میں گھر بنانا چاہتے ہیں......؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے اللہ کیلئے مسجد تعمیر کی اللہ اس کے بدلے جنت میں اس کیلئے گھر بنائے گا۔ (مسلم)

☆ کیا آپ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی رضا چاہتے ہیں......؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ اپنے اس بندے سے راضی ہو جاتے ہیں جب وہ کھانا کھائے تو الحمدللہ کہے اور جب کوئی چیز پیے تو الحمدللہ کہے۔ (مسلم)

☆ کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی دعائیں قبول ہوں......؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اذان اور اقامت کے دوران کی دعا رد نہیں کی جاتی (ابوداؤد)

☆ کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کیلئے پورے سال کے روزوں کا ثواب لکھ دیا جائے......؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر ماہ تین روزے رکھنا پورے سال کے روزے رکھنے کے برابر ہیں۔ (متفق علیہ)

☆ کیا آپ پہاڑوں کے برابر نیکیاں حاصل کرنا چاہتے ہیں......؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے میت کی نماز جنازہ پڑھی اس کیلئے ایک قیراط ثواب ہے اور جو جنازہ کے بعد دفن کرنے تک موجود رہا اس کیلئے دو قیراط ثواب ہے۔ پوچھا گیا قیراط کیا ہیں......؟ فرمایا دو بڑے پہاڑوں کے برابر حسانات (نیکیاں)۔ (متفق علیہ)

☆ کیا آپ جنت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ چاہتے ہیں......؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا ایسے ہوں گے جیسے یہ دو انگلیاں۔ (پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہادت والی اور درمیانی انگلی سے اشارہ کیا۔) (بخاری)

☆ کیا آپ مجاہد یا اللہ کی راہ میں رات کو تہجد پڑھنے والے اور دن کو روزہ رکھنے والے شخص جیسا ثواب حاصل کرنا چاہتے ہے......؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ضعیف محتاجوں یا مسکینوں کی مدد کرنے والے کا ثواب اللہ کی راہ میں جانے والے مجاہد جیسا ہے۔ (راوی کہتا ہے) میرا گمان ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یا یہ فرمایا کہ اس کا ثواب رات کو تہجد پڑھنے والے اور دن کو روزہ رکھنے والے کے ثواب جیسا ہے۔ (متفق علیہ)

☆ کیا آپ چاہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بذات خود آپ کو جنت کی ضمانت دیں......؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مجھے دو جبڑوں کے درمیان (زبان) اور دو ٹانگوں کے درمیان (شرمگاہ) کی حفاظت کرنے کی ضمانت دے میں اُسے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔ (متفق علیہ)

☆ کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی موت کے بعد آپ کی نیکیاں ختم نہ ہوں......؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب ابن آدم مرجاتا ہے تو اس کے اعمال کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے۔ سوائے تین کے (۱) صدقہ جاریہ (۲) نفع بخش علم (جو چھوڑ جائے) (۳) نیک اولاد جو اس کیلئے دعا کرتی رہے۔ (مسلم)

☆ کیا آپ جنت کے خزانوں میں سے خزانہ حاصل کرنا چاہتے ہیں......؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لاحول ولاقوۃ الا باللہ جنت کے خزانوں میں سے ہے۔ (متفق علیہ)

☆ کیا آپ پوری رات کے قیام کرنے کا ثواب چاہتے ہیں......؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے عشاء کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھی اس کیلئے آدھی رات کے قیام کا ثواب لکھا جاتا ہے اور جس نے صبح کی بھی نماز جماعت کے ساتھ پڑھی تو اس کیلئے پوری رات کے قیام کا ثواب لکھا جاتا ہے۔ (مسلم)

☆ کیا آپ ایک منٹ میں ثلث قرآن کا ثواب حاصل کرنا چاہتے ہیں......؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قل ھواللہ احد (پوری سورت) ثلث قرآن کے برابر ہے۔ (مسلم)

☆ کیا آپ اپنے رزق میں برکت اور لمبی عمر کرنا چاہتے ہے......؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کو پسند ہو کہ اس کے رزق میں برکت ڈال دی جائے اور اس کی عمر میں اضافہ کر دیا جائے تو اس کو چاہئے کہ صلہ رحمی کیا کرے۔ (بخاری)

☆ کیا آپ اپنے نامہ اعمال کو نیکیوں کے ساتھ وزنی بنانا چاہتے ہے......؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو کلمات ایسے ہیں جو زبان پر تو ہلکے ہیں، رحمان کے پسندیدہ ہیں لیکن میزان میں بہت بھاری ہیں وہ یہ ہیں۔ سبحان اللہ وبحمدہ اور



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

سبحان الله العظیم (بخاری)

☆ کیا آپ اللہ سے ملاقات کرنا چاہتے ہیں.....؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اللہ سے ملاقات کو پسند کرے اللہ بھی اس سے ملاقات کو پسند کرتا ہے۔ (بخاری)

☆ کیا آپ چاہتے ہیں کہ اللہ آپ کی حفاظت کرے.....؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو صبح فجر کی نماز پڑھتا ہے تو وہ اللہ کے ذمے ہوتا ہے۔ (مطلب کہ اس کی حفاظت اللہ کرتے ہیں۔) (مسلم)

☆ کیا آپ چاہتے ہیں کہ اللہ آپ کو رفعت و بلندی عطا کرے.....؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو تواضع اختیار کرتا ہے اللہ ضرور اسے رفعت (بلند مقام) عطا کرتا ہے۔ (مسلم)

☆ کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے اور جہنم کے درمیان ستر سال کی دوری ڈال دی جائے.....؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اللہ کی راہ میں ایک دن کا روزہ رکھتا ہے اللہ اس کے اور جہنم کے درمیان ستر سال کا فاصلہ پیدا کر دیتے ہیں۔ (بخاری و مسلم)

نوٹ: تمام کی تمام احادیث صحیح سند سے مروی ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اہل حدیث کے امتیازی مسائل پر مشتمل سات اشتہارات
**مکمل سیٹ مفت منگوائیں**
ادارہ تبلیغ اسلام جاماپور کی طرف سے درج ذیل سات اشتہارات کا مکمل سیٹ مفت زیر تقسیم ہے
☆ کیا اللہ کے سوا کوئی اور مشکل حل کرنے پر قادر ہے؟ ایک سوال کی دس شکلیں۔ ☆ اوقات نماز کیلئے محمدی دائمی جنتری
☆ نماز میں سینے پر ہاتھ باندھنے اور پاؤں سے پاؤں ملانے کا ثبوت ☆ سورۃ فاتحہ خلف الامام
☆ آمین بالجہر کا ثبوت ☆ اثبات رفع الیدین ☆ اہمیت نماز اور بے نماز کا انجام
ملک بھر کی تمام مساجد و دینی اداروں کے منتظمین صرف خط لکھ کر مکمل سیٹ منگوائیں اور فریم کروا کر اپنے زیر انتظام اداروں اور مساجد میں آویزاں کریں۔ مسائل حقہ کی ترویج کا یہ بہترین طریقہ ہے۔ ڈاک خرچ ادارہ خود برداشت کرے گا۔
نوٹ: فریم کروا کر آویزاں کرنے کا تحریری وعدہ آنا ضروری ہے
محمد یاسین راہی مدیر ادارہ تبلیغ اسلام جاماپور ضلع راجن پور پنجاب پاکستان
فون: 0604-567218 موبائل: 0333-8556473

اصل کرنڈی، لٹھا سفید، لٹھا رنگدار پختہ کلر،
کاٹن سفید و رنگدار پختہ کلر
ہر قسم کی مردانہ ورائٹی کا مرکز
فیصل یعقوب کلاتھ مرچنٹ
041-633809
Mob# 0300-9653599
پنجاب بلاک مدینہ بازار P-162 مکی کلاتھ مارکیٹ فیصل آباد

عظیم خوشخبری
مفید، معلوماتی اور اصلاحی کتب انتہائی تبلیغی نرخوں پر
1 تفسیر ابن کثیر — ترجمہ مولانا محمد جوناگڑھی 4 جلدیں -/490 روپے
2 تفہیم القرآن — سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ 6 جلدیں -/770 روپے
3 معارف القرآن — مفتی محمد شفیع 8 جلدیں -/950 روپے
4 سیرت النبی ﷺ — علامہ شبلی نعمانی/سید سلیمان ندویؒ 4 جلدیں -/280 روپے
5 رحمت للعالمین — قاضی سلیمان منصور پوری مکمل -/150 روپے
6 خطبات اسحاق — مفتی مولانا محمد اسحٰق 2 جلدیں -/180 روپے
نوٹ: دو تصاویر اور شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی ضروری ہے۔
پہلی تین کتب کیلئے ڈاک خرچ مزید 100 روپے جبکہ آخری تین کتب کیلئے ڈاک خرچ صرف 50 روپے ہوگا۔
میاں طاہر
0304-3010777
مرکز الحرمین الاسلامی گلبہار کالونی مین ستیانہ روڈ فیصل آباد پاکستان



© rasailojaraid.com